سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2021

منگل، 23۔نومبر 2021

(یوم الثلاثہ، 17۔ربیع الثانی 1443ھ)

سترہویں اسمبلی: سینتیسواں اجلاس

جلد 37 : شمارہ 4

153

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 23۔نومبر 2021

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ محنت وانسانی وسائل)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

زیرو آرنوٹس

غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

حصّہ اول

(مسودات قانون)

1. The University of Lahore (Amendment) Bill 2021 (Bill No. 65 of 2021)

MIAN SHAFI MUHAMMAD: MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: NAWABZADA WASEEM KHAN BADOZAI:	to move that the University of Lahore (Amendment) Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.
MIAN SHAFI MUHAMMAD: MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: NAWABZADA WASEEM KHAN BADOZAI:	to move that the University of Lahore (Amendment) Bill 2021, be passed.

....

154

2. The Rashid Latif Khan University Bill 2021 (Bill No. 66 of 2021)

MR SAJID AHMED KHAN:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
MIAN SHAFI MUHAMMAD:
MS UZMA KARDAR:
MS MOMINA WAHEED:

to move that the Rashid Latif Khan University Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

MR SAJID AHMED KHAN:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
MIAN SHAFI MUHAMMAD:
MS UZMA KARDAR:
MS MOMINA WAHEED:

to move that the Rashid Latif Khan University Bill 2021, be passed.

3. The Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021 (Bill No. 67 of 2021)

MR SAJID AHMED KHAN:
MS KHADIJA UMAR:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
SYED USMAN MEHMOOD:
MS UZMA KARDAR:

to move that the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, as recommended by Special Committee No. 12, be taken into consideration at once.

MR SAJID AHMED KHAN:
MS KHADIJA UMAR:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
SYED USMAN MEHMOOD:
MS UZMA KARDAR:

to move that the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, be passed.

4. The University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021. (Bill No. 68 of 2021)

MR SAJID AHMED KHAN:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
MS UZMA KARDAR:
MS MOMINA WAHEED:

to move that the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

MR SAJID AHMED KHAN:
MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:
MS UZMA KARDAR:
MS MOMINA WAHEED:

to move that the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021, be passed.

5. The National College of Business Administration & Economics, Lahore (Amendment) Bill 2021.

MR EHSAN-UL-HAQUE:

to move that leave be granted to introduce the National College of Business Administration & Economics, Lahore (Amendment) Bill 2021.

MR EHSAN-UL-HAQUE:

to introduce the National College of Business Administration & Economics, Lahore (Amendment) Bill 2021.

155

6. The Punjab Institute of Qura'n and Seerat Studies (Amendment) Bill 2021.

MR SAJID AHMED KHAN: to move that leave be granted to introduce the Punjab Institute of Qura'n and Seerat Studies (Amendment) Bill 2021.

MR SAJID AHMED KHAN: to introduce the Punjab Institute of Qura'n and Seerat Studies (Amendment) Bill 2021.

حصہ دوم

قراردادیں

(مفاد عامہ سے متعلق)

(مورخہ 26-اکتوبر 2021 کے ایجنڈے سے زیر التواء قرارداد)

1- شیخ علاؤالدین: (6-مئی کو پیش ہو چکی ہے)

یہ معزز ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ (Resident) اور (Non-Resident) پاکستانیوں کے لئے شرح منافع جو (Non-Resident) کے لئے 7% غیر ملکی کرنسی پر اور ملکی کرنسی پر 11% تک دیا جارہا ہے۔ جبکہ (Resident) پاکستانیوں کو غیر ملکی کرنسی پر مشکل سے 1% اور پاکستانی کرنسی پر 3% سے 4% دیا جارہا ہے اور (Resident) پاکستانیوں سے اس منافع پر بھی 35% تک ٹیکس لیا جارہا ہے جبکہ (Non-Resident) سے منافع کی حد کے قطع نظر صرف 10% لیا جارہا ہے۔ اس ظلم اور زیادتی کو فوری طور پر ختم کیا جانا ضروری ہے اور یکساں شرح منافع کا ملنا انتہائی ضروری ہے۔

2- سید عثمان محمود:
سید حسن مرتضیٰ:
خواجہ سلمان رفیق:
(30 ستمبر 2021 کو پیش ہو چکی ہے)

پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں میں 3350 طالب علموں کے داخلہ کی گنجائش ہے جن کے against انٹری ٹیسٹ میں تقریباً ایک لاکھ امیدوار appear ہوتے ہیں اور 93 فیصد نمبروں پر میرٹ close ہو جاتا ہے۔ ایم بی بی ایس پانچ سالوں میں مکمل ہوتا ہے اور ہر سال کے end پر PROFF کا امتحان ہوتا ہے یہ مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ایک سال کے لئے ہاؤس جاب کرنی ہوتی ہے تب جا کر سرکاری ملازمت کے حصول کے لئے PPSC میں appear ہونے کا اہل ہو سکتا ہے اور یہ قانون 1962 سے رائج ہے اور یہ سارا process، PMDC کے زیر انتظام ہے۔ اب PMDC ختم کر کے PMC بنایا گیا ہے، PMC نے اپنے ایکٹ کے سیکشن 20 میں ثبت کیا ہوا ہے کہ ایم بی بی ایس مکمل کرنے کے بعد NLE پاس کرے گا وہ ہاؤس جاب کا مستحق ٹھہرے گا ورنہ اس کی زندگی بھر کی محنت رائیگاں جائے گی۔ امریکہ اور برطانیہ میں SMLE اور PLAB کے exams ہوتے ہیں لیکن وہ پاس ہونے والے ڈاکٹرز کو لائسنس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ Residency دینے کے بھی پابند ہیں لیکن NLE پاس کرنے کے بعد ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ پھر دُنیا بھر کا قانون ہے کہ جو بھی فیصلے کئے جاتے ہیں وہ with immediate effect ہوتے ہیں وہ گزرے ہوئے سالہاسال سے لاگو نہیں ہوتے لہٰذا جن بچوں کی رجسٹریشن PMDC کے تحت ہوئی ہوئی ہے اور انہوں نے باقاعدہ تمام قواعد وضوابط پر مشتمل surety bond لکھ کر دیئے ہوئے ہیں اب ان بچوں سے NLE لینا خلاف آئین و قانون ہے۔ اسی وجہ سے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء سراپا احتجاج ہیں اور اپنے مطالبے کے حق میں روزانہ سڑکوں پر ہیں۔ لہٰذا پنجاب کا یہ منتخب ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ PMC کے ایکٹ میں موجود شق نمبر 20 کو فی الفور ختم کیا جائے تاکہ ڈاکٹروں کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ احتجاج کا راستہ چھوڑ کر ہسپتالوں میں غریب اور لاچار مریضوں کی جانیں بچانے کے لئے اپنے فرائض ادا کریں۔

156

3- رانا مشہود احمد خان: (30 ستمبر 2021 کو پیش ہو چکی ہے)

چین میں تعلیم حاصل کرنے والے ہزاروں پاکستانی طلبہ دسمبر 2019 سے لے کر آج تک مسائل کا شکار ہیں۔ انہیں واپس چین جا کر اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت چین انہیں واپسی کے لئے ویزے جاری نہیں کر رہی، ہزاروں کی تعداد میں یہ طلبہ اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی حالات کا شکار ہیں۔ دُنیا کے تمام ممالک اپنے ان طلبہ جو چین میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لئے مثبت کردار ادا کرتے ہوئے انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لئے واپس چین بھجوانے میں مددگار ثابت ہوئے ہیں جن میں امریکہ اور جنوبی کوریا سرفہرست ہیں۔ ہمارے طلبہ مکمل vaccination کروا چکے ہیں اور حکومت چین کی جانب سے مقرر کردہ تمام SOPs پر عملدرآمد کرنے کو تیار ہیں۔ PhD اور شعبہ طب کے حوالے سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو تحقیقی اور تجرباتی تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے جو کہ online کلاسز سے مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا۔ ان کے تعلیمی معاملات سے متعلقہ ان مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ چین سے رابطہ کر کے جلد از جلد اس مسئلہ کا حل نکالنے کی کوشش کرے اور ان ہزاروں طلبہ کی تعلیم اور مستقبل کے حوالے سے مبہم صورتحال کو واضح کرے تاکہ یہ طلبہ اپنی تعلیم چین سے مکمل کر کے واپس پاکستان آ کر اپنے ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ یہ ہماری اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے کہ اپنی نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچایا جائے۔ لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ چین سے رابطہ کر کے ان متاثرین طلبہ کے ویزے جاری کئے جائیں تاکہ وہ طلبہ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔

(موجودہ قراردادیں)

1- محترمہ عنیزہ فاطمہ:

پنجاب کا یہ ایوان کھادوں خاص طور پر ڈی اے پی کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ڈی اے پی کھاد کی بوری اس وقت مارکیٹ سے 8 ہزار روپے کی دستیاب ہے اور گندم کی کاشت کے لئے یہ سب سے زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ یہ کسان پر بہت بڑا ظلم ہے دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کی طرح کھادوں کی قیمتوں میں اضافے سے کاشتکار کو گندم اور دیگر اجناس کی کاشت میں بڑی مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈی اے پی کھاد کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے گندم کی فصل کم کاشت ہوگی جس سے مستقبل میں گندم اور آٹے کا بحران پیدا ہونے کے خدشات بڑھ جائیں گے۔ پہلے ہی پچھلے دو سال سے صوبے کو آٹے کے بحران کا شدید سامنا ہے۔ پنجاب کا یہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ مستقبل میں گندم کی کمی، آٹے کے بحران سے بچنے اور زرمبادلہ بچانے کے لئے کھادوں خاص طور پر ڈی اے پی کھاد کی قیمتوں میں کمی کی جائے یا کسان کو زیادہ سے زیادہ اس مد میں سبسڈی دی جائے۔

2- چودھری افتخار حسین چھچھر:

ایک تولہ سونا میں 12 ماشہ ہوتے ہیں، جب کوئی شخص سونے کے زیورات خرید کرتا ہے تو 12 ماشہ کی پوری قیمت ادا کرتا ہے اور جب ضرورت پڑنے پر اسی سنار کو زیور فروخت کرتا ہے تو وہ ایک تولہ میں سے 3 ماشہ کٹوتی کرتا ہے۔ پاکستان میں سونے کے زیورات کی خرید و فروخت کے حوالے سے کوئی قانون نہیں ہے۔ لہٰذا صوبائی اسمبلی پنجاب کے اس ایوان کی رائے ہے کہ سونے کے زیورات کی خرید و فروخت کے حوالے سے قانون سازی کی جائے تاکہ عوام سنار کی لوٹ مار سے محفوظ رہ سکیں۔

157

صوبائی اسمبلی پنجاب

سترہویں اسمبلی کا سینتیسواں اجلاس

منگل ،23-نومبر 2021

(یوم الثلاثہ،17-ربیع الثانی 1443ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں دوپہر 2 بج کر 12 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالغفار شاکر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ
وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾ يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧١﴾
إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ
أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا
جَهُولًا

سورۃ الاحزاب آیات نمبر 70 تا 72

مومنو! اللہ سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کروO وہ تمھارے سب کام سنوار دے گا اور تمھارے گناہ بخش دے گا اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی مراد پائے گاO ہم نے بارِ امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اُٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اُٹھالیا۔ بے شک وہ بڑا ظالم بڑا جاہل ہے O

وَمَاعلینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ حافظ مرغوب احمد ہمدانی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

حضور ﷺ میری تو ساری بہار آپ ﷺ سے ہے
میں بے قرار تھا میرا قرار آپ ﷺ سے ہے
میری تو ہستی کیا ہے میرے غریب نواز
جو مل رہا ہے مجھے سارا پیار آپ ﷺ سے ہے
گناہ گار ہوں آقا ﷺ بڑی ندامت ہے
قسم خُدا کی یہ میرا وقار آپ ﷺ سے ہے

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O آج کے ایجنڈا پر محکمہ محنت وانسانی وسائل کے سوالات ہیں۔

پوائنٹ آف آرڈر

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جناب خلیل طاہر سندھو پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے آپ کا شکر گزار ہوں کہ اس ایوان کے اراکین کی جو بے توقیری کی جاتی تھی آپ نے اُس کو روکا۔ جیسے یہ privilege کا مسئلہ تھا اور ہم تمام ممبران آپ کا یہ احسان کبھی بھی نہیں بھول سکیں گے۔

جناب سپیکر: اس میں میرا کوئی احسان نہیں ہے یہ ہر معزز ممبر کا right ہے۔

فیصل آباد کے ایم پی ایز کو چناب کلب کی مستقل ممبر زشپ دینے کا مطالبہ

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! پھر بھی کوئی کام کرنے کے لئے will کا ہونا بہت ضروری ہے۔ میری گزارش ہے کہ فیصل آباد میں چناب کلب ہے۔ فیصل آباد میں جو لوگ کھالوں کا کاروبار کرتے ہیں، شام کو Charlie Perfume لگاتے ہیں اور پیسے دے کر چناب کلب کے ممبر بن جاتے ہیں اور اس بات کا اس ایوان کے تمام ممبران کو پتا ہے اور چودھری ظہیر الدین صاحب کو بھی پتا ہے۔ ہمیں چناب کلب کی عارضی ممبر شپ دی ہوئی تھی تو وہاں پر کہا گیا کہ فیصل آباد کے تمام MPA's کو permanent membership دی جائے گی۔ چناب کلب کی طرف سے ہمیں letter بھیجے گئے کہ اتنے پیسے جمع کرائیں تو مجھے luckily کسی طریقے سے کچھ letters مل گئے جن میں میرا letter بھی ہے۔ ڈپٹی کمشنر صاحب اور دیگر متعلقہ لوگوں سے میری بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ کسی بھی MPA کو permanent membership نہیں دی جائے گی حالانکہ ہمیں کہا گیا کہ آپ 11 / 11 لاکھ روپیہ جمع کروائیں۔ اسمبلی کے ممبران کو تو اچھوت سمجھا جاتا ہے۔ اب تو چناب کلب کے عملے نے وہ فائل بھی گم کر دی ہے۔

جناب سپیکر: چودھری ظہیر الدین صاحب! آپ لوگ تو چناب کلب کے permanent members ہیں تو یہ کیا ہوا ہے؟

وزیر پبلک پراسیکیوشن (چودھری ظہیر الدین): جناب سپیکر! شکریہ۔ گزارش یہ ہے کہ یہ ایک private limited club ہے اس کے اپنے article memorandums ہیں جس میں discretion استعمال ہوتی رہی ہے۔ گورنمنٹ افسران کو اُن کے tenure کے لئے permanent membership فوراً دے دی جاتی ہے اور اُس کی بہت nominal fee ہے۔ آج سے کوئی 10/8 سال پہلے مقامی MNA's and MPA's کی طرف سے کہا گیا، پھر agitate ہوا تو اُس وقت جتنے MPA's تھے اُن کو ممبر شپ دے دی گئی تھی۔

جناب سپیکر: میری وزارت اعلیٰ کے دور میں یہ issue آیا تھا تو ہم نے پنجاب اسمبلی کے ممبران کو چناب کلب کے ممبرز بنوا دیئے تھے۔ اب ایسا کیوں نہیں ہو رہا؟ دیکھیں، پاکستان تحریک انصاف اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ممبران اسمبلی کی demand ہے تو جب چناب کلب کی ممبر شپ سرکاری افسران کو اُن کے tenure کے لئے دی جاتی ہے تو MPA's لاکھوں لوگوں کی نمائندگی کر رہے ہیں تو اُن کی پھر کیا عزت ہوئی؟

وزیر پبلک پراسیکیوشن (چودھری ظہیر الدین): جناب سپیکر! آپ نے اپنی حکومت میں حکم صادر فرمایا اور اُس وقت کے MPA's کو ممبر شپ مل گئی تھی۔ گزارش یہ ہے کہ جو اسمبلی کے ممبر منتخب ہو جاتے ہیں تو اُن کا گریڈ 22 ہوتا ہے اور جب گریڈ 17 کے افسر کو چناب کلب کی ممبر شپ مل سکتی ہے تو معزز ممبر اسمبلی کو ممبر شپ کیوں نہیں مل سکتی؟

جناب سپیکر: سندھو صاحب! آپ اس حوالے سے ایک قرارداد لے کر آئیں ہم اُس کو ابھی پاس کر کے یہ مسئلہ حل کر دیتے ہیں۔

جناب محمد عبداللہ وڑائچ: جناب سپیکر! گجرات جم خانہ کی بھی یہی صورتحال ہے۔ انہوں نے ہمیں عارضی ممبر شپ دی ہوئی ہے تو اُس کو بھی اس کے ساتھ ہی ملا لیں۔

رپورٹ

(میعاد میں توسیع)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے آپ اس قرارداد میں دونوں اضلاع کا لکھ دیں۔ اب ہم ایک motion لیتے ہیں۔

Mr Sajid Ahmed may move the motion for extension of PAC 2.

پی اے سی 2 کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع

SAJID AHMED KHAN: Mr Speaker! I move

> "That the time period for submission of the reports of PAC 2 expired during 2021 may be extended for a further period of one year.

MR SPEAKER: The motion moved is:

> "That the time period for submission of the reports of PAC 2 expired during 2021 may be extended for a further period of one year.

Now, the question is:

> "That the time period for submission of the reports of PAC 2 expired during 2021 may be extended for a further period of one year.

(The motion was carried.)

سوالات

(محکمہ محنت وانسانی وسائل)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: اب سوالات شروع ہوتے ہیں۔ پہلا سوال جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میرا سوال نمبر 2681 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

فیصل آباد شہر میں ڈسپنسریوں سے متعلقہ تفصیلات

*2681: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر محنت وانسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) فیصل آباد شہر کی حدود میں کتنی ڈسپنسریاں کہاں کہاں محکمہ کے تحت چل رہی ہیں یا قائم ہیں؟

(ب) ان ڈسپنسریوں میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں نان فنکشنل ڈسپنسریوں کی وجوہات کیا ہیں؟

(ج) ان ڈسپنسریوں میں کتنے ڈاکٹر اور دیگر عملہ تعینات ہے ان کے نام اور عہدہ بتائیں؟

(د) کس کس ڈسپنسری میں ڈاکٹر اور عملہ کم ہے یا بالکل ہی نہیں ہے؟

(ہ) ان فیکٹریوں کے سالانہ اخراجات کتنے ہیں تفصیل ایک سال کی دی جائے؟

(و) ان میں روزانہ کتنے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے تفصیل ڈسپنسری وار علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید خان نیازی):

(الف) محکمہ محنت کے ذیلی ادارہ پنجاب سوشل سکیورٹی کے تحت فیصل آباد شہر میں 26 ڈسپنسریاں کام کر رہی ہیں جس کی تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) 25 ڈسپنسریاں فنکشنل ہیں اور ایک ڈسپنسری ایس ایس ای سی ویلیو ایڈیشن سٹی نان فنکشنل ہے جس کی وجوہات درج ذیل ہیں۔

1۔ ایس ایس ای سی ویلیو ایڈیشن سٹی کھرڑیانوالہ انڈسٹریل اسٹیٹ کھرڑیانوالہ فیصل آباد اور ایس ایس سی سی گارمنٹس سٹی کھرڑیانوالہ انڈسٹریل اسٹیٹ کھرڑیانوالہ فیصل آباد کے درمیان تقریباً ایک کلو میٹر کا فاصلہ ہے اور یہ دونوں بالکل قریب ہیں جس بنا پر ایک ڈسپنسری کے مریض دوسری ڈسپنسری میں متعلقہ علاج معالجہ کے لئے چلے جاتے ہیں۔

2۔ عملہ کی کمی کی وجہ سے ایس ایس ای سی ویلیو ایڈیشن سٹی ڈسپنسری کے مریضوں کو بھی ایس ایس ای سی گارمنٹس سٹی ڈسپنسری میں ہی علاج معالجہ کی سہولیات دی جاتی ہیں کیونکہ دونوں ڈسپنسریوں کے مریضوں کی یومیہ تعداد تقریباً گیارہ ہے۔

(ج) ان ڈسپنسریوں میں تعینات ڈاکٹر اور دیگر عملہ جات مع نام اور عہدہ کی تفصیل ضمیمہ (ب) ایوان کی میر پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) درج ذیل ڈسپنسریوں میں ڈاکٹرز اور عملہ کی کمی ہے تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ ایس ایس ڈی کیا، کھرڑیانوالہ فیصل آباد

2۔ ایس ایس ڈی RB-61

باقی تمام ڈسپنسریوں میں ڈاکٹرز اور متعلقہ عملہ کی تعداد مکمل ہے۔

(ہ) ان ڈسپنسریوں کے ایک سال کے اخراجات مبلغ -/7,85,15,590 (7 کروڑ 85 لاکھ 15 ہزار 5 سو 90) روپے ہیں ڈسپنسری وائز سالانہ اخراجات کی تفصیل ضمیمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) ان ڈسپنسریوں میں روزانہ کی بنیاد پر آنے والے مریضوں کی ڈسپنسری وائز تفصیل ضمیمہ (د) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

جناب سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! اس سوال کے جز (د) میں یہ پوچھا تھا کہ کس کس ڈسپنسری میں ڈاکٹرز اور عملہ کم ہے یا بالکل ہی نہیں ہے؟ اس کا جواب دیا گیا ہے کہ درج ذیل ڈسپنسریوں میں

ڈاکٹرز اور عملہ کی کمی ہے۔ اُس کی ساتھ تفصیل دے دی گئی ہے۔ یہ بہت پرانا سوال ہے اور تقریباً تین بار یہ سوال اس ایوان کے اندر discuss ہو چکا ہے اور اس پر آپ نے پچھلی بار بھی ruling دی تھی کہ عملے کی کمی کو فی الفور دُور کیا جائے۔ اگر کوئی نئی بھرتی ہونی ہے تو وہ بھرتی کی جائے اور اگر PPSC کو کوئی لیٹر لکھنا ہے تو وہ لیٹر لکھ دیں۔ وزیر موصوف فرمائیں گے کہ عملے کی کمی کو کب تک دُور کر دیا جائے گا؟

جناب سپیکر: جی، وزیر محنت و انسانی وسائل!

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید خان نیازی): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! PPSC میں انٹرویوز بھی ہو چکے ہیں تو ڈاکٹرز کے حوالے سے ہمارا procedure complete ہے۔ کلاس-iv کے لئے کچھ ہم نے عملہ رکھ لیا ہے۔ معزز ممبر کے حلقے میں معصوم ٹاؤن بھی آتا ہے اُس کی تفصیل بھی میرے پاس ہے وہ ہم نے priority پر بھرتی کر لی ہے۔ مزید جہاں جہاں کمی ہے اُس کو ہم fill کرتے جا رہے ہیں اور وزیر اعلیٰ نے announce بھی کر دیا ہے تو اُس کی summary move ہو چکی ہے۔ شکریہ

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! پچھلے دو سال سے یہ summary کبھی اِدھر کبھی اُدھر جا رہی ہے تو وزیر موصوف اس کو ensure کرا دیں۔

جناب سپیکر: جی، وزیر محنت و انسانی وسائل!

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید خان نیازی): جناب سپیکر! میں معزز ممبر کو ensure کراتا ہوں کہ عملے کی رہ جانے والی کمی کو بہت جلد پورا کر لیا جائے گا۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ اگلا سوال بھی جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 2683 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

فیصل آباد: سوشل سکیورٹی آفس کے کنٹری بیوشن فنڈ سے متعلقہ تفصیلات

*2683: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر محنت و انسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) سوشل سکیورٹی آفس فیصل آباد کتنی فیکٹریوں سے کنٹری بیوشن فنڈ اور دیگر کس کس مد میں فنڈز وصول کرتا ہے فیکٹری وار اور کارخانہ وار تفصیل دی جائے؟

(ب) سال 19-2018 کے دوران ان فیکٹریوں / کارخانوں سے کتنی رقم وصول ہوئی؟

(ج) سال 19-2018 کے دوران کتنے کارکنوں کی بچیوں کی شادی اور بچوں کے سکالرشپ کے لئے رقم فراہم کی گئی کتنی درخواستیں ابھی Pending ہیں ان پر کب تک عمل درآمد ہوگا؟

(د) کتنے کارکنوں کی وفات پر ان کی فیملی کو مالی امداد فراہم کی گئی کتنی مالی امداد کی درخواستیں زیر کارروائی ہیں ان پر کب تک عمل درآمد ہوگا؟

(ہ) کارکنوں کو سوشل سکیورٹی کیا کیا سہولیات فراہم کرتا ہے؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید خان نیازی):

(الف) ادارہ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی فیصل آباد میں تقریباً 8059 فیکٹریوں و دیگر پرائیویٹ ادارے جو کہ ادارہ ہذا کے دائرہ کار میں آتے ہیں ان سے ماہانہ صرف سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کی مد میں فنڈز وصول کرتا ہے۔ تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ادارہ پنجاب سوشل سکیورٹی فیصل آباد نے سال 19-2018 کے دوران ان فیکٹریوں/کارخانوں سے مبلغ (2ارب 7 کروڑ 87لاکھ 85ہزار 3 سو 6 روپے) سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کی مد میں وصول کئے۔

(ج) سال 19-2018 کے دوران کارکنوں کی بچیوں کی شادی اور بچوں کے سکالرشپ فراہم کرنے کی تفصیل درج ذیل ہے۔

	منظور شدہ کیسز کی تعداد	فراہم کردہ رقم	زیر التواء کیسز کی تعداد	زیر التواء کیسز کی وجوہات
سکالرشپ	3,467	(15کروڑ 59لاکھ 90ہزار 6سو 53) روپے	1000	ضابطہ کی کارروائی مکمل کرنے اور اتھارٹی کی منظوری کے بعد ورکرز ویلفیئر فنڈز اسلام

					آباد سے فنڈز کی دستیابی پر صنعتی کارکنان کو ان کیسز کی ادائیگی بھی کر دی جائے گی۔
شادی گرانٹ	3,011	29,79,80,000/- (29 کروڑ 79 لاکھ 80 ہزار) روپے	153	ایضاً

(د) سال 19-2018 کے دوران کارکنوں کی وفات پر ان کی فیملی کو مالی امداد فراہم کرنے کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ادارہ کا نام	منظور شدہ کیسز کی تعداد	فراہم کردہ رقم	زیر التواء کیسز کی تعداد	زیر التواء کیسز کی وجوہات
پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ	449	(22 کروڑ 30 لاکھ) روپے	09	زیر التواء کیسز منظوری کے مراحل میں ہیں ان پر ادائیگی ورکرز ویلفیئر فنڈز اسلام آباد کی جانب سے فنڈز کی دستیابی پر فوری کر دی جائے گی۔
ادارہ پنجاب سوشل سکیورٹی	1229	8,253,893/- (82 لاکھ 53 ہزار 8 سو 93) روپے		ادارہ سوشل سکیورٹی میں مالی امداد کے متعلقہ کوئی بھی درخواست زیر کارروائی نہ ہے۔

(ہ) ادارہ پنجاب سوشل سکیورٹی اپنے مروجہ قوانین کے تحت رجسٹرڈ کارکنان اور ان کے لواحقین کو تمام تر بنیادی طبی و مالی سہولیات فراہم کر رہا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

بیماری کی صورت میں کارکنان کو سال میں 120 دن تک اُجرت کے 75 فیصد شرح سے ادائیگی۔

کارکنان کی موذی بیماری مثلاً ٹی بی، کینسر ایک سال 365 دن تک اُجرت 100 فیصد شرح سے ادائیگی۔

کارکنان کے انتقال کی صورت میں اُجرت / تنخواہ اور لواحقین کے انتقال کی صورت میں 5000 روپے تک ڈیتھ گرانٹ کی ادائیگی۔

خاتون کارکنان دوران سروس زچگی کی صورت میں 90 دن کی اُجرت 100 فیصد شرح سے ادائیگی۔

خاتون کارکن کے بیوہ ہونے کی صورت میں 130 دن تک تنخواہ/اُجرت 100 فیصد کی شرح سے ادائیگی۔

دوران کار زخمی ہونے پر 5 تا 20 فیصد معذوری کی شرح تک گریجویٹی ادائیگی۔

دوران کار زخمی ہونے پر جزوی معذوری 20 فیصد سے زائد ہو تو مخصوص شرح سے معذوری کی پنشن کی ادائیگی تاحیات دی جاتی ہے۔

دوران کار زخمی ہو کر انتقال کر جانے کی صورت میں اُجرت 100 فیصد مساوی پنشن کی پسماندگان کو ادائیگی ماہانہ دی جاتی ہے۔

بیوی بچوں کی عدم موجودگی میں مرحوم کارکنان کے ماں باپ یا بہن بھائیوں کو پسماندگان پنشن کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

ہر سال کارکنان کے چھ بچوں کو ادارہ سے منسلک میڈیکل کالجوں میں مفت MBBS کی تعلیم دلوانا نیز ان کالجوں کے دیگر شعبہ جات میں کارکنان کے بچوں کے لئے فیس کی خصوصی رعایت دلوانا۔

جناب سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! میرے سوال کے جواب میں جو تفصیل دی گئی ہے۔ ہمارے سکالرشپ کے منظور شدہ کیسوں کی تعداد 3467 لکھی ہوئی ہے اور ان کے لئے فراہم کردہ رقم 15 کروڑ، 59 لاکھ، 90 ہزار اور 653 روپے بنتی ہے۔ اس جواب میں یہ بھی لکھا ہے کہ زیر التواء کیسز ایک ہزار ہیں۔

جناب سپیکر: وزیر صاحب! یہ سکالرشپس کب سے pending چلے آرہے ہیں؟ آپ کے پاس ایک ہزار وظیفے pending ہیں تو آپ اُن کو دیں۔

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید خان نیازی): جناب سپیکر! 2018 کے آخر میں ہم نے marriage grant, death grant, scholarship grant کو بالکل ختم کر دیا تھا۔ پھر 2019 کے بعد سے ہمارے پاس جو کیسز چلتے آرہے تھے تو ہماری حکومت اور ہمارے محکمے نے corruption scam پکڑا اُس حوالے سے اُس میں anticorruption involve ہو گیا تو پھر ہمارے 22 ہزار کے قریب cases pending چلے گئے۔ اب ہمارے نئے سیکرٹری جناب لیاقت علی چٹھہ صاحب آئے تو انہوں نے فی الفور announce بھی کیا اور پانچ ارب روپے ہمارے پاس پڑے ہوئے تھے تو اب میں معزز ممبر کو update دے دوں گا کہ اب کتنے کیس زیر التواء ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ جناب لیاقت علی چٹھہ صاحب competent آدمی ہیں وہ انشاءاللہ کر لیں گے۔

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ یہ تو سکالرشپ کے حوالے سے تھا لیکن جب آپ اس سے اگلا شادی گرانٹ کے حوالے سے پڑھیں گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ یہ بہت زیادتی کی بات ہے کیونکہ بچیوں کی عمریں گزرتی جارہی ہیں اور یہ بچیاں انتہائی غریب گھرانوں سے تعلق رکھتی ہیں جن کو یہ شادی گرانٹ ملنی ہیں۔ اب ان میں کل 3011 کیسز ہیں جن میں 153 پھر زیر التواء کا شکار ہیں۔ مجھے تو یہ سمجھ نہیں آتی کہ تصدیق کرنا دو دن کا کام ہے یہ کیوں ان لوگوں کو زیر التواء کا شکار کرتے ہیں جبکہ ان کے پاس فنڈز موجود ہیں، عملہ ان کے پاس موجود ہے، verification کرنے والے لوگ ان کے پاس موجود ہیں اور وہ لوگ جن کے سوشل سکیوٹی کارڈ بنے ہوتے ہیں ان کے پاس تو سب سے بڑا ثبوت موجود ہوتا ہے۔ آپ مزدور کی کیا verification کریں گے اور کیا اس کا کیس زیر التواء رکھیں گے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ اس کو جلدی take up کر لیں اور جو کام pending ہیں ان کو ختم کریں۔

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی): جناب سپیکر! اس پر بہت تیزی سے کام جاری ہے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ اس کو جلدی کر لیں۔

جناب محمد طاہر پرویز: جناب سپیکر! ان سے یہ surety لے لیں کہ جو زیر التواء کام ہیں وہ اگلے اجلاس تک ہو جائیں گے۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب! نے کہہ دیا ہے وہ انشاءاللہ کر دیں گے۔ اب اگلا سوال محترمہ رابعہ نسیم فاروقی کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 3547 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 4447 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد ارشد ملک کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 5735 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال بھی جناب ارشد ملک کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 5737 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ راحیلہ نعیم کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 5754 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال بھی محترمہ راحیلہ نعیم کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 5755 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب منیب الحق کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کے سوال نمبر 5929 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال سیدہ زہرا نقوی کا ہے۔ جی، محترمہ!

سیدہ زہرا نقوی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ۔ جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 5958 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

صوبہ میں گھریلو ملازمین اور مالکان کی رجسٹریشن سے متعلقہ تفصیلات

5958: سیدہ زہرا نقوی: کیا وزیر محنت و انسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ لیبر نے گھریلوں مالکان اور ملازمین کی رجسٹریشن کا کام شروع کر رکھا ہے؟

(ب) اس رجسٹریشن کا کیا طریق کار ہے اوراب تک کتنے مالکان اور ملازمین کی رجسٹریشن ہو چکی ہے؟

وزیر محنت وانسانی وسائل(جناب عنصر مجید خان نیازی):

(الف) جی ہاں!یہ درست ہے کہ25.01.2019 کوپنجاب ڈومیسٹک ورکرز ایکٹ 2019کے لاگو ہونے کے بعدادارہ سوشل سکیورٹی نے مالکان اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن کاکام شروع کررکھا ہے۔

(ب) ادارہ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن سیکشن20اور مالکان کی رجسٹریشن سیکشن 21 قانون پنجاب ڈومیسٹک ورکرز ایکٹ2019کے تحت کرتا ہے رجسٹریشن کے طریق کار کے لئے فارم بنائے گئے ہیں جو کہ (ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے) جس پر گھریلوملازمین کی رجسٹریشن کا طریق کار موجود ہے (ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے) اوراسی طرح گھریلو آجران ومالکان کی رجسٹریشن کا طریق کار موجود ہے فارم مکمل کرنے کے بعد گھریلو ملازمین اور گھریلو آجران ومالکان کاریکارڈ ڈومیسٹک ورکرز موبائل ایپ کے ذریعے اپلوڈ کیا جاتا ہے اور اب تک پورے پنجاب سے سوشل سکیورٹی میں ٹوٹل29796 گھریلو ملازمین اور 28386مالکان رجسٹرڈ کئے جاچکے ہیں۔

جناب سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

سیدہ زہرا نقوی: جی،جناب سپیکر! میرے پاس یہ فارم بھی موجود ہے جو گھریلو ملازمین کی registrationکے لئے ہوتا ہے اور اس پر میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس کی implementationکیسے ہوتی ہے؟کیونکہ تمام لوگوں کے گھروں میں ملازمین ہیں لیکن میں نے نہیں دیکھا کہ کسی نے بھی ان کی registrationکافارم fillکرکے جمع کروایا ہو۔اس پر حکومت کیا

کر رہی ہے اور کیا جتنے بھی لوگوں نے ملازمین رکھے ہوئے ہیں وہ اس فارم کوfill کر رہے ہیں اور details حکومت کو جمع کروا رہے ہیں کہ نہیں؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی): جناب سپیکر! میرا خیال ہے فارم تو معزز ممبر کے پاس موجود ہو گا۔ اس کا طریق کار یہ ہوتا ہے کہ اس فارم کو فل کر کے آپ نے جو ہمارا قریبی directorate ہے اس میں جمع کروانا ہوتا ہے پھر اس پر ہم نے ایک app بھی بنائی ہے۔ جب اس حوالے سے بل آیا تھا اس وقت ہی ہم نے یہ app بنا دی تھی اور اس app کے ذریعے تقریباً29000 کے قریب لوگوں نے اپنے آپ کو register کیا ہے۔ ان کی تنخواہوں کے حوالے سے پچھلے بجٹ پر general discussion میں بھی بات ہوئی تھی۔ ابھی اس کا حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ ہم نے گھروں کی چار دیواری کا بھی خیال رکھنا ہوتا ہے تاکہ کوئی بھی محکمہ کا افسر direct گھر میں داخل نہ ہو سکے اور کوئی threat create نہ ہو۔ جو ہمارے بلدیات کے نمائندے جیتیں گے وہ ان کمیٹیز کے ممبر ہوں گے اور وہ ان کے معاملات کو سنیں گے اور جب ان کا معاملہ وہاں حل نہیں ہو گا تو وہ پھر DC صاحب کے پاس آئیں گے اور پھر تیسری سٹیج پر وہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس آتے ہیں۔ اس پر تیزی سے کام جاری ہے اور اس پر جو بھی further update ہوئی میں آپ کو اس سے آگاہ کر دوں گا۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب! آپ اس پر کام کر لیں۔

سیدہ زہرا نقوی: جناب سپیکر! میرا ایک اور ضمنی سوال ہے جو کہ child labor کے حوالے سے ہے۔ باوجود اس کے کہ حکومت اس پر بہت کام کر رہی ہے لیکن child labor ابھی تک مختلف گھروں اور دکانوں میں ہو رہی ہے۔ کمسن بچوں اور جن کی عمریں کم ہیں ان کو ملازم رکھا جاتا ہے اس کی روک تھام کے لئے حکومت کیا کر رہی ہے؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب! آپ کو پتا ہے child labor کے حوالے سے donors کا بڑا پریشر بھی ہے لہذا محکمہ اس کو seriously take up کرے۔

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی): جناب سپیکر! child labor کی تعداد، حالات اور اسباب جاننے کے لئے حکومت پنجاب ایک تفصیلی سروے کروا رہی ہے۔ یہ سروے محکمہ شماریات پنجاب کر رہا ہے جس میں UNICEF کا تکنیکی اور مالی تعاون شامل ہے۔ اس سروے کی مجموعی لاگت تقریباً 243.742 ملین ہے۔ جس کے لئے UNICEF نے 148 ملین کی رقم مہیا کی ہے جبکہ حکومت پنجاب کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 95 ملین مہیا کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ ان کو details دے دیں۔

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی): جی، جناب سپیکر! میں details دے دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: اب وقفہ سوالات مکمل ہوا اور بقیہ سوالات کو ہم pending کرتے ہیں۔

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

(جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

صوبہ میں فیکٹری کارکنان کو حفظان صحت کارڈ جاری کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*3547: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی:** کیا وزیر محنت وانسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

کیا یہ درست ہے کہ دی فیکٹریز ایکٹ 1934 کے تحت ہر فیکٹری کارکن کا حفظان صحت کارڈ مہیا کرنا ضروری ہے تو اس قانون پر عمل درآمد کرنے کے لئے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

یہ درست ہے کہ فیکٹریز ایکٹ مجریہ 1934 کے سیکشن ۲۳ کے تحت ہر فیکٹری کارکن کو حفظان صحت کارڈ یعنی Hygiene Card مہیا کرنا ضروری ہے۔ مذکورہ قانون کی رو سے فیکٹری انتظامیہ کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ ہر کارکن کا طبی معائینہ سال میں دو مرتبہ فیکٹری ڈاکٹر سے کروائے گی جو کہ بعد از معائینہ حفظان صحت کارڈ میں باقاعدہ اندراج کرے گا کہ کارکن کسی بھی نوعیت کی infectious یا contagious بیماری میں مبتلا نہیں بصورت دیگر کارکن کو احاطہ کارخانہ پر کام کرنے سے روک دیا جائے گا تاکہ دیگر

کارکنان ایسی کسی بھی بیماری سے متاثر نہ ہو سکیں اور مذکورہ بیمار کارکن کا علاج معالجہ کیا جائے گا۔اگر فیکٹری انتظامیہ اس حوالے سے غفلت کی مرتکب ہوتی ہے تو متعلقہ انسپکٹر اس کا چالان مجاز عدالت میں دائر کرنے کا پابند ہے جہاں سے بمطابق سیکشن ٦٠ فیکٹریز ایکٹ مینجر اور مالک کارخانہ کو عدالت کی طرف سے جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔اس حوالے سے محکمہ لیبر و انسانی وسائل کے ماتحت فیلڈ افسران اور انسپکٹرز کی کارکردگی بطور ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

فیصل آباد میں فیکٹریوں کی تعداد اور 2018 سے تاحال بوائلر پھٹنے سے ہلاکتوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

4447*: محترمہ حنا پرویز بٹ: کیا وزیر محنت و انسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع فیصل آباد میں فیکٹریوں میں یکم جنوری 2018 سے اب تک بوائلر پھٹنے سے کتنے مزدور جاں بحق اور کتنے زخمی ہوئے تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) کیا محکمہ نے ان دو سالوں کے دوران جو مزدور جاں بحق / زخمی ہوئے ان کی مالی امداد کی ہے اگر ہاں تو اس کی تفصیل بتائی جائے؟

(ج) کیا حکومت جاں بحق مزدوروں کی فیملی کو ماہانہ پنشن دینے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ ان فیملی بچوں کا گزارہ ہو سکے نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) ضلع فیصل آباد میں یکم جنوری 2018 سے اب تک 02 بوائلر پھٹنے سے 8 مزدور جاں بحق ہوئے ہیں محکمہ محنت کے ذیلی ادارہ پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی نے 07 ورکرز کی پنشن لگا دی گئی ہے۔01 ورکر کا کوئی وارث نہیں ہے۔

(ب) ادارہ پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی ضلع فیصل آباد میں ان دو سالوں کے دوران بوائلر پھٹنے سے 11 ورکرز معمولی زخمی ہوئے جن کا علاج سوشل سیکورٹی ہسپتال میں کروایا گیا اور ان کا کوئی بینیفٹ کا کیس دفتر میں دائر نہ ہوا جبکہ جاں بحق ہونے والے مزدوروں کی مالی امداد اور پنشن کی ادائیگی کی ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

جاں بحق ورکرز کی تعداد	ورکرز کا کوئی وارث نہ ہے	ورکرز کو ماہانہ پینشن کی ادائیگی کی جا رہی ہے	08 ورکرز کو اداشدہ کفن دفن کی رقم	07 ورکرز کو 2018 سے اداشدہ پینشن	ٹوٹل اداشدہ رقم
08	01	103550	144000	941683	1085683

نام ڈائریکٹوریٹ	کل فیکٹریاں	زخمی ورکرز	فوتگیاں	کفن دفن	پینشن
فیصل آباد (ایسٹ)	731	کوئی نہیں	02	3000	311612
فیصل آباد (ویسٹ)	1434	11	06	114000	630071
فیصل آباد (نارتھ)	1278	کوئی نہیں	کوئی نہیں	کوئی نہیں	کوئی نہیں
ٹوٹل	3443	11	08	117000	941683

کل دی جانے والی رقم:

10,85,683

محکمہ محنت و انسانی وسائل کی کوشش سے 1923 The Workmen's Compensation Act, کے تحت ان 06 مزدوروں کے لواحقین کو قانون کے مطابق فیکٹری مالکان نے مورخہ 16.05.2020 کو Compensation Death کی مد میں فی کس 05 لاکھ ادائیگی کر دی ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ فوت شدہ کارکن کے لواحقین کی ڈیتھ گرانٹ کی مد میں 05 لاکھ کی مالی امداد کرتا ہے۔ ڈیتھ گرانٹ کے حصول کے سلسلہ میں لواحقین کی مکمل راہنمائی کر دی گئی تھی مگر ابھی تک لواحقین میں سے کسی نے بھی ڈیتھ گرانٹ کے حصول کے لئے درخواست ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر فیصل آباد میں جمع نہ کروائی ہے۔

(ج) جی ہاں! ادارہ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی پنشن دیتا ہے اور ہر ماہ ورکرز کو پنشن ادا کر رہا ہے جس کی تفصیل جزو (ب) میں بیان کی گئی ہے اور اگر آئندہ بھی کوئی حادثہ پیش آیا تو ادارہ قانون کے مطابق ورکرز کو پنشن ادا کرے گا۔

ساہیوال: سوشل سکیورٹی ہسپتال میں جدید سہولتوں سے متعلقہ تفصیلات

*5735: **جناب محمد ارشد ملک**: کیا وزیر محنت وانسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) سوشل سکیورٹی ہسپتال ساہیوال کتنے بیڈز اور وارڈز پر مشتمل ہے اس میں کون کون سی امراض کا علاج و معالجہ کیا جاتا ہے؟

(ب) سوشل سکیورٹی ہسپتال ساہیوال میں آپریشن تھیٹر، ایکسرے مشین الٹراء ساؤنڈ اور دیگر ٹیسٹوں کے لئے لیبارٹری اور جدید مشینری موجود ہے؟

(ج) ہسپتال ہذا میں کتنے جنرل سرجن، پیرا میڈیکل سٹاف و دیگر ملازمین کام کر رہے ہیں ان کے نام، عہدہ، گریڈ تعلیمی قابلیت اور تعداد سے آگاہ فرمائیں؟

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) سوشل سکیورٹی ہسپتال ساہیوال دس بیڈز اور دو وارڈز میل اور فی میل پر مشتمل ہے اور اس کے علاوہ علاج معالجہ کی مندرجہ ذیل امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔

1۔ جنرل OPD ہوتی ہے۔

2۔ گائنی کی OPD اور ڈیلوری کی سہولت موجود ہے۔

3۔ بچوں کا چیک اپ، بچہ نرسری، انکیوبیٹر، بے بی وارمر اور فوٹو تھراپی کی سہولت موجود ہے۔

4۔ اور ان کے علاوہ دو آئسو لیشن روم (ڈینگی + کووڈ۔19) کے لئے مختص ہیں۔

(ب) جی ہاں، سوشل سکیورٹی ہسپتال ساہیوال میں آپریشن تھیٹر، ایکسرے مشین، الٹرا ساونڈ مشین اور دیگر ٹیسٹوں کے لئے لیبارٹری میں جدید مشینری سے ٹیسٹ کرنے کی سہولت موجود ہے۔

(ج) سوشل سکیورٹی ہسپتال ساہیوال میں سرجن، پیرا میڈیکل سٹاف و دیگر ملازمین ملا کر کل 50 ملازمین کام کر رہے ہیں ان کے نام، عہدہ، گریڈ تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ساہیوال میں رجسٹرڈ فیکٹریوں اور کارخانوں سے موصولہ ریونیو سے متعلقہ تفصیلات

*5737: **جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر محنت و انسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع ساہیوال میں کتنی فیکٹریاں وکارخانے محکمہ سے رجسٹرڈ ہیں ان فیکٹریوں و کارخانوں سے کتنا ریونیو حاصل کیا جاتا ہے مکمل تفصیل یکم ستمبر2018 سے تا حال فراہم فرمائیں؟

(ب) ضلع ساہیوال میں ورکروں کی تنخواہوں کے حوالے سے فیکٹریوں کو کیا احکامات کئے گئے ہیں اور خلاف ورزی پر کتنے کیس رپورٹ ہوئے اوران کے خلاف کیا کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے؟

(ج) ضلع ساہیوال کی فیکٹریوں اور کارخانوں میں کام کرنے والوں کو بروقت اور پوری تنخواہ کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں کیا حکومت مزدور کی مزدوری دلوانے کے لئے مزید قانون سازی کا ارادہ رکھتی ہے اگرہاں تو کب تک نہیں تو وجوہات بیان فرمائیں؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) ضلع ساہیوال کی حدود میں یکم ستمبر2018 سے لے کراب تک ٹوٹل1169 فیکٹریاں /کارخانے رجسٹرڈ ہیں ان فیکٹریوں اور کارخانوں سے یکم ستمبر 2018سے اکتوبر2020تک ٹوٹل19 کروڑ2لاکھ2ہزار341 روپے سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن وصول کیاگیاہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

سال	2018-19	2019-20	2020-21	ٹوٹل
	یکم ستمبر 2018تا30جون 2019	یکم جولائی 2019 تا 30 جون 2020	یکم جولائی 2020تا اکتوبر2020	
آمدن	77480550	94698450	18023341	190202341

(ب) ضلع ساہیوال میں فیکٹری ورکرز کی تنخواہوں کے حوالے سے محکمہ لیبر نے یکم جنوری2020سے 27نومبر 2020 تک87 فیکٹریوں کا معائنہ کرتے ہوئے لیبر قوانین کی خلاف ورزی پر09 فیکٹریوں کے46چالان مرتب کر کے متعلقہ عدالت میں جمع کروادیئے ہیں جن کے مقدمے زیر التواہیں۔

(ج) محکمہ لیبر ساہیوال کی کارکردگی کا ذکر جواب جزو(ب) میں بیان کیا گیاہے۔مزید برآں محکمہ لیبر میں قانون Payment of Wages Act, 1936 کے تحت اتھارٹی

ادائیگی اجرت کی عدالت قائم ہے جو کہ فیکٹری مزدوروں کی تنخواہ کی عدم ادائیگی کے کلیم پر فیصلہ صادر کرتی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

دائر شُدہ مقدمہ جات کی تعداد	فیصلہ کی تعداد	ڈگری شدہ رقم
58	58	1 کروڑ 76 لاکھ 58 ہزار 436 روپے

فیکٹری مزدوروں کی تنخواہ دلوانے کے لئے مندرجہ ذیل مفصل قانون موجود ہیں اس کے علاوہ کوئی مزید قانون زیر غور نہ ہے۔

1۔ Payment of Wages Act, 1936

2۔ The Punjab Minimum Wages Act, 2019

جھنگ: رجسٹرڈ کارخانوں اور فیکٹریوں سے موصولہ ریونیو و دیگر تفصیلات

*5754: **محترمہ راحیلہ نعیم:** کیاوزیر محنت وانسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع جھنگ میں کتنی فیکٹریاں و کارخانے رجسٹرڈ ہیں؟

(ب) ضلع جھنگ کی ان فیکٹریوں و کارخانوں سے کتنا ریونیو حاصل کیا جارہا ہے؟

(ج) ضلع جھنگ میں ورکروں کی تنخواہوں کے حوالے سے فیکٹریوں کو کیا احکامات جاری کئے گئے ہیں؟

(د) ضلع جھنگ کی فیکٹریوں اور کارخانوں میں کام کرنے والے کارکنوں کو بروقت اور پوری تنخواہ دلوانے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) ضلع جھنگ میں پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی آرڈیننس 1965 کے تحت کل 1067 فیکٹریاں و کارخانے رجسٹرڈ ہیں۔

(ب) ضلع جھنگ میں ان فیکٹریوں اور کارخانوں سے مبلغ -/60,19,124 (60 لاکھ 19 ہزار 124) روپے سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن ہر ماہ وصول کیا جاتا ہے۔

(ج) ضلع جھنگ میں فیکٹریوں میں کام کرنے والے ملازمین / صنعتی کارکنان کی کم از کم تنخواہ قانون مجریہ 1961 کے تحت -/17500 روپے مقرر ہے اس سلسلہ میں فیلڈ سٹاف

وقتاً فوقتاً ادارہ جات کی انسپکشن کرتا ہے اور موجودہ قانون پر عملدرآمد نہ کرنے والے ادارہ جات کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے جس کے تحت مجاز عدالت میں چالان جمع کروائے جاتے ہیں۔

(د) قانون کم از کم اجرت مجریہ 1961 کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے اور مقرر کردہ تنخواہ بمطابق گزٹ نوٹیفکیشن / 17500روپے ادا نہ کرنے والے ادارہ جات کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے اور چالان مجاز عدالت میں جمع کروا دیئے جاتے ہیں۔اس سلسلہ میں ضلع جھنگ میں جنوری 2020 سے لے کر آج تک مختلف ادارہ جات کے مجموعی طور پر 375 چالان مرتب کرکے مجاز عدالتوں میں جمع کروائے گئے ہیں اور ان پر تین لاکھ ساٹھ ہزار روپے جرمانہ بھی عائد ہوا ہے۔مزید یہ کہ کم معاوضہ جات کی ادائیگی کے حصول کے لئے دفتر ھذا میں اتھارٹی انڈر پے منٹ آف ویجز ایکٹ 1936 کے تحت عدالت بھی قائم ہے۔

جھنگ: محکمہ محنت کے دفاتر، ملازمین سکولز اور ڈسپنسریوں سے متعلقہ تفصیلات

***5755: محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر محنت وانسانی وسائل از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع جھنگ میں محکمہ محنت کے کتنے دفاتر کہاں کہاں ہیں ان میں کتنے ملازمین تعینات ہیں؟

(ب) اس ضلع میں محکمہ کے تحت کتنے سکول اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں چل رہے ہیں؟

(ج) اس ضلع میں محکمہ کے تحت کتنی فیکٹریاں اور کارخانے ہیں جن سے فنڈز محکمہ وصول کرتا ہے؟

(د) اس ضلع میں رجسٹرڈ کارکنوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ہ) رجسٹرڈ کارکنوں کو کیا کیا سہولیات محکمہ فراہم کرتا ہے؟

(و) اس ضلع میں محکمہ مزید کہاں کہاں سکول اور ڈسپنسریاں وہسپتال بنانے کا ارادہ رکھتا ہے کیا محکمہ نے اس ضلع میں کوئی لیبر کالونی بنائی ہے یا بنانے کا ارادہ ہے وضاحت فرمائیں؟

وزیر محنت و انسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) (i) ضلع جھنگ میں محکمہ محنت کا ضلعی دفتر ہے جو کہ بالمقابل تھانہ صدر دجھی روڈ پر واقع ہے جس میں تعینات ملازمین کی تعداد 07 ہے۔

(ii) مذکورہ ضلع میں سوشل سکیورٹی کا ایک سب آفس سیٹلائٹ ٹاؤن میں ہے اور اس میں 13 ملازمین تعینات ہیں اور ایک سوشل سکیورٹی ہسپتال بھی سیٹلائٹ ٹاؤن میں ہے جس میں 53 ملازمین تعینات ہیں۔

(ب) ضلع جھنگ میں محکمہ کے تحت کوئی سکول نہ ہے جبکہ سوشل سکیورٹی کی 07 ڈسپنسریاں کام کر رہی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ ڈسپنسری آشیانہ کاٹن گوجرہ روڈ جھنگ

2۔ ہنزہ سراج شوگر ملز ڈسپنسری درگاہی شاہ جھنگ

3۔ صوفی ٹیکسٹائل ڈسپنسری ملو آنہ موڑ جھنگ

4۔ کشمیر ملز ڈسپنسری نزد موٹروے ٹال پلازہ شور کوٹ کینٹ شور کورٹ

5۔ غازی عباس ولن ملز ڈسپنسری موڑ منڈی جھنگ

6۔ شکر گنج ملز ڈسپنسری اڈا بھون سرگودھا روڈ جھنگ

7۔ حق باہو شوگر ملز ڈسپنسری اٹھارہ ہزاری

(ج) ضلع جھنگ میں 1067 فیکٹریاں اور کارخانے ہیں اور ان سے مبلغ (ساٹھ لاکھ انیس ہزار ایک سو چوبیس) روپے سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن ہر ماہ وصول کیا جاتا ہے۔

(د) ضلع جھنگ میں سوشل سکیورٹی کے رجسٹرڈ کارکنان کی تعداد 5545 ہے۔

(ہ) (i) محکمہ محنت کے ذیلی ادارہ سوشل سکیورٹی کی طرف سے رجسٹرڈ کارکنوں کو اور ان کے اہل خانہ کو مفت علاج معالجہ اور دیگر مالی فوائد دیئے جاتے ہیں جن کی تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ii) پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ، لاہور ضلع جھنگ کے رجسٹرڈ کارکنوں اور ان کے بچوں کو تعلیمی وظائف کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ تعلیمی وظائف کی شرح درج ذیل ہے۔

1600روپے ماہوار	انٹرمیڈیٹ لیول کے لئے	کیٹیگری-I
2500روپے ماہوار	گریجوایشن لیول کے لئے	کیٹیگری-II
3500روپے ماہوار	ماسٹر لیول کے لئے	کیٹیگری-III

طلباء کو دیگر اخراجات (ایڈمشن فیس، ٹیوشن فیس، ٹرانسپورٹ چارجز، ہاسٹل / میس چارجز، رجسٹریشن فیس، امتحانی فیس، لائبریری فیس، لیب فیس، کمپیوٹر فیس وغیرہ) بھی ادا کئے گئے۔ جبکہ ایم فل / ایم ایس / پی ایچ ڈی کے حامل طلباء کو تعلیمی اخراجات ادا کئے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں رجسٹرڈ کارکنان کی ہر بچی کی شادی پر مبلغ دو لاکھ روپے بطور شادی گرانٹ اور کارکن کی فوتیدگی کی صورت میں لواحقین کو مبلغ چھ لاکھ روپے بطور فوتیدگی گرانٹ ادا کئے جاتے ہیں۔

(و) مذکورہ ضلع میں محکمہ ہذا فی الحال کوئی ڈسپنسری یا ہسپتال بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ محکمہ نے لیبر کالونی جھنگ کی 1992 میں تعمیر شروع کی تھی جو کہ 1365 پلاٹس پر مشتمل تھی، شہر سے دور ہونے کی وجہ سے یہ کالونی آباد نہ ہو سکی تھی۔

اوکاڑہ: رجسٹرڈ فیکٹریوں اور کارخانوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

***5929: جناب منیب الحق:** کیا وزیر محنت وانسانی وسائل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) اوکاڑہ میں PESSI سے رجسٹرڈ فیکٹریوں، کارخانوں اور دیگر اداروں کی تعداد کتنی ہے؟

(ب) ان سے ماہانہ اور سالانہ کارکنوں کی ویلفیئر کے لئے کتنا فنڈز وصول ہو رہا ہے؟

(ج) ان کارکنوں کے لئے کتنے ہسپتال اور ڈسپنسریاں اوکاڑہ میں کہاں کہاں ہیں؟

(د) کیا کارکنوں کے بچوں کے لئے اوکاڑہ میں محکمہ کا سکول ہے تو کہاں پر ہے؟

(ہ) اگر اوکاڑہ میں کوئی سکول کارکنوں کے بچوں کی تعلیم کے لئے نہ ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں نیز کب تک اوکاڑہ شہر میں ورکر ویلفیئر سکول قائم کر دیا جائے گا؟

وزیر محنت وانسانی وسائل (جناب عنصر مجید نیازی):

(الف) اوکاڑہ میں پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹیٹیوشن سے رجسٹرڈ فیکٹریوں، کارخانوں اور دیگر اداروں کی ٹوٹل تعداد 829 ہے۔

(ب) مذکورہ ضلع میں پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹیٹیوشن کو ان فیکٹریوں، کارخانوں اور دیگر اداروں سے ماہانہ ستر لاکھ چوہتر ہزار نو سو پچاس روپے اور سالانہ (آٹھ کروڑ اڑتالیس لاکھ ننانوے ہزار چار سو روپے) سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن کی مد میں وصول ہو رہا ہے۔

(ج) ان کارکنوں کے علاج معالجہ کے لئے 01 ہسپتال اور 05 ڈسپنسریاں کام کر رہی ہیں جس میں کارکنوں کا علاج معالجہ کیا جاتا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

1۔ کلثوم سوشل سکیورٹی ہسپتال ریلوے روڈ اوکاڑہ میں ہے اور یہ 25 بیڈز پر مشتمل ہے اور اس میں گردے کی بیماری میں مبتلا لوگوں کے لئے ڈائیلسز کی سہولت بھی موجود ہے۔

2۔ سوشل سکیورٹی ایمرجنسی سنٹر بابا فرید شوگر ملز فیصل آباد روڈ اوکاڑہ۔

3۔ سوشل سکیورٹی ڈسپنسری رینالہ خورد انوار شہید کالونی رینالہ خورد۔

4۔ سوشل سکیورٹی ایمرجنسی سنٹر لاری اڈہ دیپالپور۔

5۔ سوشل سکیورٹی ڈسپنسری نزد اوورہیڈ برج ملتان روڈ حبیب آباد۔

6۔ سوشل سکیورٹی ڈسپنسری عبداللہ شوگر ملز حجرہ شاہ مقیم۔

(د) کارکنوں کے بچوں کے لئے اوکاڑہ میں محکمہ کا کوئی سکول نہ ہے۔

(ہ) تاحال اوکاڑہ میں کارکنان کے بچوں کے لئے کوئی ورکرز ویلفیئر سکول قائم نہ کیا گیا ہے تاہم ورکرز تنظیموں کے مطالبے کو مدنظر رکھتے ہوئے موزونیت کی جانچ کے بعد سکول قائم کیا جا سکتا ہے۔

غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

مسودات قانون

(جو زیر غور لائے گئے)

جناب سپیکر: اب ہم private members کی legislation لیتے ہیں اور پہلا بل The Rashid Latif Khan University Bill 2021 ہے۔

مسودہ قانون راشد لطیف خان یونیورسٹی 2021

MR SPEAKER: First reading starts. Now, we take up the Rashid Latif Khan University Bill 2021. Ms Momina Waheed or any other mover may move the motion for consideration of the Bill.

MS MOMINA WAHEED: Mr Speaker, I move:

> "That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

MR SPEAKER: The motion moved is:

> "That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it, the question is:

> "That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

CLAUSES 3 TO 29

MR SPEAKER: Second reading starts. Now, we take up the Bill clause by clause. Now, Clauses 3 to 29 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That the Clauses 3 to 29 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

SCHEDULE, CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

MR SPEAKER: Now, Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

MR SPEAKER: Third reading starts. Ms Momina Waheed may move the motion for passage of the Bill.

MS MOMINA WAHEED: Mr Speaker, I move:

"That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, be passed."

MR SPEAKER: The motion moved is:

"That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Rashid Latif Khan University Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

مسودہ قانون پنجاب کمیونٹی سیفٹی میئرز ان سپورٹس اینڈ ہیلتھ کلبز پریمسز 2021

MR SPEAKER: First reading starts. Now, we take up the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021. Ms Khadija Umer or any other mover may move the motion for Consideration of the Bill.

MS KHADIJA UMER: Mr Speaker, I move:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, as recommended by Special Committee No. 12, be taken into consideration at once."

MR SPEAKER: The motion moved is:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, as recommended by Special Committee No. 12, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it, the question is:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, as recommended by Special Committee No. 12, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

CLAUSES 3 TO 9

MR SPEAKER: Second reading starts. Now, we take up the Bill clause by clause. Now, Clauses 3 to 9 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That the Clauses 3 to 9 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

MR SPEAKER: Now, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

> "That Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

MR SPEAKER: Third reading starts. Ms Khadija Umer may move the motion for passage of the Bill.

MS KHADIJA UMER: Mr Speaker, I move:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, be passed."

MR SPEAKER: The motion moved is:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

> "That the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

مسودہ قانون(ترمیم) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی،لاہور2021

MR SPEAKER: First reading starts. Now, we take up the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021. Ms Uzma Kardar or any other mover may move the motion for Consideration of the Bill.

MS UZMA KARDAR: Mr Speaker, I move:

> "That the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

MR SPEAKER: The motion moved is:

> "That the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it, the question is:

> "That the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

CLAUSES 2 TO 5

MR SPEAKER: Second reading starts. Now, we take up the Bill clause by clause. Now, Clauses 2 to 5 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That the Clauses 2 to 5 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

